سوال

(663)امام حسین اور واقعہ کربلا

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

(1)حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے حالات زندگی کتاب وسنت کے مطابق کیا ہیں ؟

(2)واقعہ کربلا کی اصل حقیقت کیا ہے ؟ (۳) محرم کے فضائل بیان کریں ؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

(1)حسین بن علی رضی اللہ عنہما رسول اللہ ﷺ کے نواسے ، علی بن ابی طالب اور فاطمہ رضی اللہ عنہما بنت رسول اللہ ﷺ کے صاحبزادے ہیں زینب ، رقیہ اور ام کلثوم رضی اللہ عنہن بنات رسول اللہ ﷺ کے بھانجے ہیں عثمان بن عفان اور ابوالعاص بن ربیع رضی اللہ عنہما حسین بن علی رضی اللہ عنہما کے خالو تھے اور عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ حسین بن علی رضی اللہ عنہما کے بہنوئی اور علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کے داماد تھے نیز حسین بن علی اور حسن بن علی رضی اللہ عنہ نوجوانان جنت کے سردار اور دنیا میں رسول اللہ ﷺ کے خوشبودار پھول تھے ۔

(2)واقعہ کربلا کے سلسلہ میں مولانا محمد عطاء اللہ صاحب حنیف بھوجیانی رحمہ اللہ کا رسالہ ’کربلا کی کہانی امام جعفر صادق کی زبانی ‘‘ کا مطالعہ فرمائیں ۔

(3)محرم حرمت والے چار مہینوں میں سے ایک ہے اس کے نفلی روزے فضیلت والے ہیں پھر اس میں عاشورے کا ایک ہی روزہ ایک سال کے گناہوں کا کفارہ ہے محرم کے یہ فضائل حسین بن علی رضی اللہ عنہما کی شہادت سے پہلے بھی موجود تھے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل

فضائل وخصائل کا بیان ج1ص 477